विषय कोड :
Subject Code : **107/207/307**

# CLASS-XI HALF-YEARLY EXAMINATION, DECEMBER - 2025

# कक्षा - XI अर्द्धवार्षिक परीक्षा, दिसम्बर - 2025

## URDU (COMPULSORY)

### I.Sc., I.Com. & I.A.

कुल प्रश्न : 80 + 25 + 8 = 113 | कुल मुद्रित पृष्ठ : 16

**Total Questions : 80 + 25 + 8 = 113** | **Total Printed Pages : 16**

( समय : 3 घंटे ) | ( पूर्णांक : 100 )

[ Time : 3 Hours ] | [ Full Marks : 100 ]

---

***Instructions for the candidates :***

1. ***Read the instructions carefully before answering the questions.***
2. *Figures in the left hand margin indicate full marks.*
3. *This question booklet is divided into two Sections.* ***Section-A*** *and* ***Section-B****.*
4. *In* **Section-A**, *there are 80 objective type questions, out of which* ***any 50 questions are to be answered.*** *If more than 50 questions are answered, then only first 50 will be evaluated. Each question carries* ***1 mark.*** *For answering these darken the circle with* ***blue/black ball pen against the correct option on OMR Answer Sheet provided to you. Do not use whitener/liquid/blade/nail etc. on OMR Answer sheet, otherwise the result will be treated invalid.***

5. *In* ***Section-B****, there are* ***25 Short Answer Type Questions,*** *each carrying 2 marks, out of which any 15 question are to be answered. Apart from these, there are* ***8 Long Answer Type Questions,*** *each carrying 5 marks, out of which any 4 questions are to be answered.*

6. *Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

7. *Use of any electronic appliances is strictly prohibited.*

CLASS-XI

**امیدواروں کے لئے ہدایات :**

1. سوالوں کے جواب دینے سے قبل ہدایات کو غور سے پڑھ لیں۔
2. بائیں طرف حاشئے میں درج اعداد کل مارکس ظاہر کرتے ہیں۔
3. یہ سوالیہ کتابچہ دو حصّوں پر مشتمل ہے۔ **سیکشن – A** اور **سیکشن – B**۔
4. **سیکشن – A میں 80 معروضی سوالات ہیں، ان میں سے صرف 50 سوالوں کا جواب دینا** ہے۔ اگر 50 سے زائد سوالوں کے جواب دیئے جائیں گے تو صرف پہلے 50 کو شمار کیا جائے گا۔ ہر ایک کے لیئے **ایک نمبر مختص** ہے۔ ان کا جواب دینے کے لئے مہیا کئے گئے **OMR جوابی شیٹ پر صحیح جواب کے سامنے نیلے/کالے بال پین سے دائرے کو بھریں۔ OMR جوابی شیٹ پر وائٹنر/سیال/بلیڈ/ناخن وغیرہ استعمال نہ کریں ورنہ آپ کا نتیجہ ناقابل قبول ہوگا۔**
5. **سیکشن–B** میں **25 مختصر جواب والے سوالات ہیں**۔ ان میں کسی 15 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ان کے ہر سوال کے لئے دو ( 2 ) مارکس مختص ہیں۔ اس کے علاوہ **8 طویل جواب والے سوالات** ہیں۔ ان میں سے کسی 4 سوالوں کا جواب دینا ہے ان کے ہر سوال کے لئے 5 مارکس مختص ہیں۔
6. امیدواروں کے لیئے ضروری ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں جواب دیں۔
7. کسی قسم کے الیکٹرانک آلات کا استعمال سختی سے ممنوع ہے۔

## SECTION - A

### Objective Type Questions

### معروضی قسم کے سوالات

سوال نمبر 1 سے 80 کے چار متبادل ہیں، جس میں سے کوئی ایک صحیح ہے۔ آپ کے ذریعہ انتخاب کئے ہوئے جواب کو OMR شیٹ میں صرف بلو/سیاہ بال پین سے نشاندہی کریں۔

80 سوالات میں سے کوئی 50 سوالات کے جواب دیجئے : 50 × 1 = 50

1. شاملِ نصاب "جیل سے والدہ کے نام خط" کے مکتوب نگار کون ہیں ؟

(A) مولانا ابوالکلام آزاد (B) مرزا اسداللہ خاں غالب

(C) مولانا محمد علی جوہر (D) اشفاق اللہ خاں

2. سرسید احمد خاں کہاں پیدا ہوئے ؟

(A) عظیم آباد (B) دلّی

(C) حیدرآباد (D) لکھنؤ

3. شاملِ نصاب "باغ کا دروازہ" کا تعلق کس صنف سے ہے ؟

(A) افسانہ (B) ناول

(C) داستان (D) ڈرامہ

4. طارق چھتاری کے پہلے افسانوی مجموعہ کا نام کیا ہے ؟

(A) گلوب (B) نیم پلیٹ

(C) باغ کا دروازہ (D) لکیر

5. بادشاہ سلامت کے کتنے بیٹے تھے ؟

(A) چار (B) پانچ

(C) تین (D) چھ

CLASS-XI

6. نقلی پَر لگا کر کون اُڑے ؟

(A) شہزادہ اور شہزادی (B) نٹ وٹنی

(C) فقیر اور فقیرنی (D) بادشاہ اور ملکہ

7. غزال ضیغم کی پیدائش کب ہوئی ؟

(A) 17 ر نومبر 1966ء (B) 17 ر دسمبر 1967ء

(C) 17 ر دسمبر 1968ء (D) 17 ر جنوری 1969ء

8. ماں کے مرنے کے بعد پپو کو کس نے پالا پوسا ؟

(A) دادی نے (B) پھوپھی نے

(C) نانی نے (D) بہن نے

9. سیّد امتیاز علی تاج کہاں پیدا ہوئے ؟

(A) اسلام آباد (B) سیالکوٹ

(C) لاہور (D) کراچی

10. مثنوی ''سحر البیان'' کے شاعر کون ہیں ؟

(A) مرزا غالب (B) میر حسن

(C) میر تقی میر (D) مومن خاں مومن

11. ''کارِ جہاں دراز ہے۔'' کیا ہے ؟

(A) افسانہ (B) داستان

(C) سفرنامہ (D) سوانحی ناول

12. غزال ضیغم کا پہلا افسانوی مجموعہ کون سا ہے ؟

(A) بھولے بسرے لوگ (B) نیک پروین

(C) چراغ خانۂ درویش (D) ایک ٹکڑا دھوپ کا

CLASS-XI

13. اشفاق اللہ خاں نے جیل سے کسے خط لکھا ؟

(A) اپنے والد کو (B) اپنی اہلیہ کو

(C) اپنی والدہ کو (D) اپنے فرزند کو

14. شاملِ نصاب افسانہ ''خوشبو'' کے افسانہ نگار کون ہیں ؟

(A) منشی پریم چند (B) غزال ضیغم

(C) سید محمد محسن (D) طارق چھتاری

15. افسانہ ''خوشبو'' میں کس کی محبت کو اُجاگر کیا گیا ہے ؟

(A) بھائی بہن کی محبت کو (B) استاد وشاگرد کی محبت کو

(C) ماں اور بیٹی کی محبت کو (D) باپ اور بیٹے کی محبت کو

16. اردو کا پہلا ناول کسے قرار دیا گیا ہے ؟

(A) امراؤ جان ادا (B) مراۃ العروس

(C) اصلاح النساء (D) منگل سوتر

17. ذیل میں کون سی تصنیف طارق چھتاری کی ہے ؟

(A) باغِ بہشت (B) باغ و بہار

(C) باغ کا دروازہ (D) باغِ نور

18. نظم ''معرکۂ جہیز و دین مہر'' میں شادی کا بھوت کس کے اوپر سوار تھا ؟

(A) دادا (B) چچا

(C) باپ (D) بھائی

19. ''یہ نئی گاڑی ہے۔'' اس جملہ میں موصوف کون ہے ؟

(A) یہ (B) نئی

(C) گاڑی (D) ہے۔

CLASS-XI

20. شاملِ نصاب نظم ''پھول'' کے نظم نگار کون ہیں ؟

(A) نظیر اکبرآبادی (B) رضا نقوی واہی

(C) علّامہ اقبال (D) الطاف حسین حالی

21. سید حامد کہاں پیدا ہوئے ؟

(A) فیض آباد (B) مرادآباد

(C) عظیم آباد (D) حیدرآباد

22. شاملِ نصاب ''شئے لطیف'' کیا ہے ؟

(A) خاکہ (B) ڈرامہ

(C) مضمون (D) افسانہ

23. سید حامد کس یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے ؟

(A) پٹنہ یونیورسٹی (B) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

(C) مگدھ یونیورسٹی (D) دہلی یونیورسٹی

24. شاملِ نصاب ڈرامہ ''انارکلی'' کس کی تخلیق ہے ؟

(A) غضنفر (B) امتیاز علی تاج

(C) سید حامد (D) احمد جمال پاشا

25. اشفاق اللہ کو پھانسی کب دی گئی ؟

(A) 19 ر دسمبر 1926ء (B) 19 ر دسمبر 1927ء

(C) 19 ر دسمبر 1928ء (D) 19 ر دسمبر 1929ء

26. ''میں ساڑی رپورٹر کہلاتی تھی۔'' یہ جملہ کس نے کہا ؟

(A) قرۃ العین حیدر (B) رشیدۃ النسا

(C) ساجدہ زیدی (D) عصمت چغتائی

CLASS-XI

[ Continued

27. کس سال قرۃ العین حیدر کو گیان پیٹھ ایوارڈ ملا ؟

(A) 1987ء (B) 1988ء

(C) 1989ء (D) 1990ء

28. محاورہ سر پر کفن باندھنا کا کیا مطلب ہے ؟

(A) نہایت عجوبہ کام کرنا (B) اپنی حرکت سے اپنا نقصان کرنا

(C) مرنے کے لئے تیار ہونا (D) بہت غرور کرنا

29. درج ذیل میں لفظ مؤنث کی نشاندہی کیجئے :

(A) مور (B) ٹرین

(C) فساد (D) کفن

30. درج ذیل میں اسم مکبّر کی پہچان کیجئے :

(A) پہاڑی (B) بالی

(C) تھیلا (D) صندوقچہ

31. درج ذیل میں کون سا لفظ مذکر ہے ؟

(A) آبرو (B) امید

(C) نکاح (D) اذان

32. ڈرامہ ''انارکلی'' کے مطابق شہزادہ سلیم کے والد کا اصل نام کیا تھا ؟

(A) اورنگ زیب (B) شاہ جہاں

(C) جہانگیر (D) جلال الدین محمد اکبر

33. ''چچا چھکن'' کے خالق کا نام کیا ہے ؟

(A) سید حامد (B) امتیاز علی تاج

(C) سر سید احمد خاں (D) غزال ضیغم

CLASS-XI

34. امتیاز علی تاج کا انتقال کب ہوا ؟

(A) 1960ء (B) 1965ء

(C) 1970ء (D) 1975ء

35. "ابن مریم" کیا ہے ؟

(A) خطاب (B) لقب

(C) تخلص (D) کنیت

36. اسمِ نکرہ کی کتنی قسمیں ہیں ؟

(A) دو (B) تین

(C) پانچ (D) سات

37. درج ذیل میں ہائے مختفی کی پہچان کیجئے :

(A) گندہ (B) گناہ

(C) کوہ (D) سیاہ

38. اردو زبان میں مرکب حروف کی تعداد کتنی ہے ؟

(A) 15 (B) 20

(C) 25 (D) 30

39. علامہ اقبال کے کس شعری مجموعے کا نصف حصہ اردو اور نصف حصہ فارسی میں ہے ؟

(A) بانگِ درا (B) ارمغان حجاز

(C) بالِ جبریل (D) ضربِ کلیم

40. علامہ اقبال کی پیدائش کب ہوئی ؟

(A) 1875ء (B) 1876ء

(C) 1877ء (D) 1878ء

CLASS-XI

41. تلفظ کے اعتبار سے ''الف'' کی کتنی قسمیں ہیں ؟

(A) چار (B) تین

(C) دو (D) پانچ

42. ''ہم لوگ جا رہے ہیں۔'' اس جملہ میں ''ہم لوگ'' کون سا صیغہ ہے ؟

(A) واحد متکلم (B) جمع متکلم

(C) واحد حاضر (D) واحد غائب

43. درجِ ذیل میں واؤ معدولہ کی نشاندہی کیجئے :

(A) شور (B) حور

(C) خواب (D) زور

44. کتنے شہزادے شہر بدر کئے گئے تھے ؟

(A) تین (B) چھ

(C) پانچ (D) چار

45. لفظ ''گِل'' کے کیا معنی ہیں ؟

(A) پھول (B) پھل

(C) پانی (D) مٹّی

46. مومنؔ کا پورا نام کیا ہے ؟

(A) مومن خاں مومنؔ (B) معین خان مومن

(C) مستقیم خان مومن (D) مقیم خان مومن

47. ''انارکلی'' کی پہلی اشاعت کب ہوئی ؟ -

(A) 1930ء (B) 1931ء

(C) 1932ء (D) 1933ء

48. ''فاتح ہند کی قسمت میں ایک کنیز سے شکست کھانا لکھا تھا۔'' یہ بات کس نے کہی ؟

(A) اکبر نے (B) رانی نے

(C) انارکلی نے (D) سلیم نے

CLASS-XI

49. علمِ طب اور علمِ نجوم سے کس اردو شاعر کا تعلق رہا ؟

(A) محمد تقی میر (B) خواجہ حیدر علی آتش

(C) مومن خاں مومن (D) شاد عظیم آبادی

50. مومنؔ کس کھیل سے تعلق رکھتے تھے ؟

(A) فٹ بال (B) شطرنج

(C) کبڈی (D) پتنگ بازی

51. اقبالؔ کے آباواجداد کہاں کے رہنے والے تھے ؟

(A) گجرات (B) کشمیر

(C) بنگال (D) پنجاب

52. درجِ ذیل میں نون ظاہر کی پہچان کیجئے :

(A) جہاں (B) پلنگ

(C) آن (D) جنگ

53. ''کف گیر'' کون سا اسم ہے ؟

(A) اسم ظرف (B) اسم آلہ

(C) اسم کیفیت (D) اسم مصغّر

54. ''شے لطیف'' کے مضمون نگار کون ہیں ؟

(A) قرۃ العین حیدر (B) کنھیا لال کپور

(C) امتیاز علی تاج (D) سیّد حامد

55. رضا نقوی واہی کا تعلق کس صوبہ سے تھا ؟

(A) پنجاب (B) بنگال

(C) بہار (D) اڑیسہ

56. رضا نقوی واہی کا وصال کب ہوا ؟

(A) 5/جنوری 2002ء (B) 10/فروری 2003ء

(C) 5/مارچ 2004ء (D) 10/اپریل 2005ء

CLASS-XI

57. ''نورچشم'' کس کو کہا جاتا ہے ؟

(A) بھائی کو (B) دوست کو

(C) بیٹا کو (D) بہن کو

58. میر حسن کا اصل نام کیا تھا ؟

(A) غلام مصطفیٰ (B) غلام حسن

(C) غلام رسول (D) غلام ربّانی

59. میر حسن کی پیدائش کہاں ہوئی ؟

(A) آگرہ (B) لکھنؤ

(C) دہلی (D) فیض آباد

60. غزل کا پہلا شعر کیا کہلاتا ہے ؟

(A) مطلع (B) مقطع

(C) حسن مطلع (D) ردیف

61. شاملِ نصاب نظم ''میرا وطن یہی ہے'' کس کی تخلیق ہے ؟

(A) اخترالایمان (B) فیض احمد فیض

(C) ساجدہ زیدی (D) مظہر امام

62. درج ذیل میں ساجدہ زیدی کا پہلا شعری مجموعہ کون ہے ؟

(A) سیلِ وجود (B) جوئے نغمہ

(C) آتشِ سیّال (D) آتش زیر پا

63. فراقؔ کو کس کتاب پر بھارتیہ گیان پیٹھ ایوارڈ حاصل ہوا ؟

(A) شعلۂ ساز (B) روح کائنات

(C) گلِ نغمہ (D) غزلستان

64. فراقؔ کا انتقال کب ہوا ؟

(A) 1980ء (B) 1982ء

(C) 1984ء (D) 1986ء

CLASS-XI

65. اشفاق اللہ خاں نے اپنی پھانسی کے کتنے دن پہلے اپنی ماں کے نام خط لکھا ؟

(A) چار دن (B) پانچ دن

(C) چھ دن (D) سات دن

66. اشفاق اللہ خاں اور ان کے نو ساتھیوں نے کب سرکاری خزانے کو لوٹا ؟

(A) 19 / اگست 1923ء (B) 19 / اگست 1924ء

(C) 19 / اگست 1925ء (D) 19 / اگست 1926ء

67. مثنوی ''سحر البیان'' میں بادشاہ کو کس بات کا غم تھا ؟

(A) اولاد کا غم (B) مُلک کا غم

(C) عوام کا غم (D) حملہ کا غم

68. لفظ ''ناتواں'' کا مطلب ہے ؟

(A) عادت (B) نوکری

(C) کمزور (D) بہادر

69. ''زبر'' کی ضد کیا ہوگی ؟

(A) کبیر (B) دماغ

(C) سرما (D) زیر

70. باغ کس مقام پر تیار کیا گیا ؟

(A) پہاڑ پر (B) دیہات میں

(C) شہر میں (D) جنگل میں

71. غالبؔ اردو کے علاوہ کس زبان میں شاعری کرتے تھے ؟

(A) عربی میں (B) فارسی میں

(C) ترکی میں (D) ہندی میں

72. اردو شاعری میں کون صنف مقبول ترین ہے ؟

(A) مرثیہ (B) قصیدہ

(C) غزل (D) رباعی

CLASS-XI

73. "مدرسہ" کیا ہے ؟

(A) اسم تعداد (B) اسم ظرف

(C) اسم آلہ (D) اسم جنس

74. مومنؔ کی پیدائش کس سال ہوئی ؟

(A) 1800ء (B) 1801ء

(C) 1802ء (D) 1803ء

75. "وہ کل مجھ سے ملنے آیا تھا۔" یہ جملہ کس زمانہ سے تعلق رکھتا ہے ؟

(A) حال (B) ماضی

(C) مستقبل (D) ماضی تمنّائی

76. وہ اسم جس سے کوئی حالت یا کیفیت ظاہر ہو، کیا کہلاتا ہے ؟

(A) اسم جمع (B) اسمِ جنس

(C) اسم کیفیت (D) اسم تعداد

77. درج ذیل میں لاحقہ کی نشاندہی کیجئے :

(A) باورچی خانہ (B) کم عقل

(C) ان پڑھ (D) باقاعدہ

78. "تم کیا کر رہے ہو ؟" یہ کیسا جملہ ہے ؟

(A) خبریہ (B) فجائیہ

(C) سوالیہ (D) امریہ

79. شعر میں کسی تاریخی واقعہ کا بیان کیا کہلاتا ہے ؟

(A) تفریق (B) استعارہ

(C) کنایہ (D) تلمیح

80. درج ذیل میں حروف مرکب کی پہچان کیجئے :

(A) ا (B) ب

(C) جھ (D) ل

CLASS-XI

## SECTION - B
### Short Answer Type Questions

### مختصر جواب والے سوالات

سوال نمبر 1 سے لیکر 25 تک مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ کسی پندرہ ( 15 ) سوالوں کا جواب دیجئے۔ ہر ایک کے لئے دو ( 2 ) نمبر مختص ہیں : 15 × 2 = 30

1. اشفاق اللہ خاں کے والدین کے نام لکھئے۔

2. پیشِ نظر خط میں مکتوب نگار نے سبھوں سے کیا گزارش کی ہے ؟

3. افسانہ "باغ کا دروازہ" کے کسی دو کرداروں کے نام لکھئے۔

4. شہزادی گلشن آرا کو شادی کے موقعے سے اس کے باپ نے کیا دیا ؟

5. تحفہ خریدنے کے لئے پپّو کہاں دن بھر گھومتا رہا ؟

6. سالگرہ کے دن کسے پارسل موصول ہوا ؟

7. انارکلی کی بہن کا نام کیا تھا ؟

8. انارکلی کے تین اہم کرداروں کے نام لکھئے۔

9. سلیم کے لئے اکبر کا کیا خواب تھا ؟

10. "شے لطیف" میں "بحرِ ذخّار" کس کو کہا گیا ہے ؟

11. سیّد حامد کیا کبھی انجمن ترقی اردو کے صدر بھی ہوئے ؟

12. اقبالؔ کی ذہنی تربیت میں کس کا ہاتھ رہا ؟

13. علامہ اقبالؔ کے کسی دو شعری مجموعوں کے نام لکھئے۔

CLASS-XI

14. اقبآل کی وفات کب اور کہاں ہوئی ؟

15. نوشہ میاں کس بات پر اکڑ گئے ؟

16. شاعر کس کو مالِ تجارت نہیں بنانے کا مشورہ دے رہا ہے ؟

17. مومؔن پر تا حیات کس خاندان کا اثر رہا ؟

18. حکیم نامدار اور حکیم کامدار کا مومؔن سے کیا رشتہ تھا ؟

19. شہزادے پر کتنے برسوں تک خطرہ تھا ؟

20. تمام پیشین گوئی کرنے والوں نے بادشاہ سے کیا کہا ؟

21. جمیل اختر نے کس کا انٹرویو لیا ؟

22. ساجدہ زیدی کے کسی دو شعری مجموعوں کے نام لکھئے۔

23. کنیت کی تعر مثال کے ساتھ لکھئے۔

24. اسم معرفہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔

25. مطلع کسے کہتے ہیں ؟

**Long Answer Type Questions**

**تفصیلی جواب والے سوالات**

سوال نمبر 26 سے لیکر 33 تک تفصیلی جواب والے سوالات ہیں۔ کسی **چار** ( 4 ) سوالوں کا جواب دیجئے۔ ہر ایک کے لئے **پانچ** ( 5 ) نمبر مختص ہیں : **4 × 5 = 20**

26. درج ذیل موضوعات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے :

(a) یومِ جمہوریہ (26 جنوری)

(b) مہاتما گاندھی

(c) ورزش

[ Continued



CLASS-XI

27. اپنے پرنسپل کو ایک درخواست لکھئے جس میں فیس معاف کرنے کا مطالبہ ہو۔

28. شہزادہ گل ریز نے شہزادی گلشن آرا کو کیسے حاصل کیا ؟

29. افسانہ ''خوشبو'' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھئے۔

30. شاملِ نصاب نظم ''پھول'' یا ''معرکۂ جہیز و دَین مہر'' کا خلاصہ لکھئے۔

31. اقبالؔ کی شاعرانہ اہمیت کے موضوع پر ایک مختصر مضمون لکھئے۔

32. مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی **پانچ** کے مترادف لکھئے :

(i) گل (ii) آفتاب (iii) نایاب (iv) گلشن (v) پدر

(vi) شب (vii) سَحر (viii) ڈر (ix) شرم (x) اُلفت

33. مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی **پانچ** کی ضد لکھئے :

(i) ویران (ii) موت (iii) سستا (iv) فتح (v) ارزاں

(vi) سختی (vii) حق (viii) گناہ (ix) مشکل (x) جہنّم

CLASS-XI